تفرقی مساواتیں

ایڈورڈ کے تکملی احصا کے آخری پانچ بابوں کا اردو ترجمہ

از

قاضی محمد حسین صاحب ایم۔ اے

پروفیسر ریاضیات، کلیۂ جامعۂ عثمانیہ
حیدرآباد دکن

۱۳۴۱ھ ۱۳۳۲ف ۱۹۲۳ء

فہرست مضامین

تفرقی مساواتیں

تفرقی مساواتیں

باب اوّل

پہلے رتبہ کی تفرقی مساواتیں

متغیر جدائی پذیر۔ خطی مساواتیں

۱ — تکملی احصا کے اختتام پر چند معمولی قسم کی تفرقی مساواتوں کو حل کرنیکے عام طریقوں کا سرسری ذکر کر دینا مقصود ہے۔ اس طرح کی مساواتیں طالب علم کو تحلیلی سکونیات، ذرہ کے علم حرکت اور استوار اجسام کے علم حرکت (کے ابتدائی حصوں) کے مطالعہ میں کارآمد ہوں گی۔

اِس جگہ ہم ان تفرقی مساواتوں کو حل کرنے کی مطلق کوشش نہیں کرینگے جن میں جزوی، تفرقی سر شامل ہوتے ہیں۔

۲ — تفرقی مساوات کی تکوین

ذراسی دیر کے لئے ہم اس موضوع پر غور کریں گے کہ تفرقی مساوات کس طرح پیدا ہوتی ہے اور اس کے "حل" کی نوعیت کیا ہونی چاہیئے۔

اس طرح کی مساوات

ف (لا، ما، ا) = ۰ .... (۱)

جس میں تفاعل کی شکل معلوم ہے منحنیات کے ایک خاص قبیل کو تعبیر کرتی ہے، اس قبیل کے کسی ایک رکن کے لئے ا کی ایک خاص قیمت جو ایک ہی منحنی کے تمام نقاط کے لئے وہی رہتی ہے لیکن اس قبیل کے مختلف منحنیات کے لئے مختلف ہے۔

علم ریاضی میں ایسے سوالات اکثر واقع ہوتے ہیں جن میں منحنیات کے پورے قبیل پر بالتمام عمل کرنا مقصود ہوتا ہے۔

مثلاً ایک سوال یہ ہے، منحنیات کا ایک ایسا قبیل معلوم کرو جس کا ہر ایک رکن ایک معلومہ قبیل کے ہر ایک رکن کو ایک زاویہ معلومہ (مثلاً زاویہ قائمہ) پر قطع کرے۔ ظاہر ہے کہ اس طرح کے عملوں میں منحنی کو مخصوص کرنے والا حرف ا تفاعیل زیر بحث میں بطور ایک مستقل مقدار کے واقع نہیں ہونا چاہئے ورنہ پورے قبیل پر ایک ساتھ عمل کرنے کی بجائے ہم اس قبیل کے ایک خاص رکن پر عمل کر رہے ہونگے۔

ا اس طرح ساقط ہو سکتا ہے:-

مساوات کو ا کے لئے حل کرو اور اسے شکل ذیل میں لکھو

فہ (لا، ما) = ا .... (۲)

بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے ا نکل جاتا ہے اور (۱) کی بجائے ایک مساوات لا، ما اور ما میں حاصل ہوتی ہے۔

یہ ممکن ہے کہ تفرقی مساوات کے بنانے میں ا کے لئے مساوات حل نہ ہو سکے۔ اس صورت میں

مساوات ف (لا، ما، ا) = ۰ .... (۱)

کا بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے حاصل ہوگا

$$\frac{\text{جف ف}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{جف ف}}{\text{جف ما}} \times \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = ۰ \quad .... (۳)$$

اب مساواتوں (۱) اور (۳) سے ا کو ساقط کرنے سے ایک ربط
لا، ما، ما' میں حاصل ہوتا ہے جو سارے قبیل کے لئے درست ہے۔
مثال کے طور پر خطوط مستقیم کے ایک ایسے قبیل پر غور کرو جو مساوات

ما = م لا

میں اختیاری مستقل م کو مختلف قیمتیں دینے سے حاصل ہوتا ہے۔

م کے لئے حل کرنے سے　　ما / لا = م

تفرق کرنے سے　　(لا ما' − ما) / لا² = ۰

یا　　ما = لا ما'

یا بطرز دیگر　م کے لئے حل کرنے کے بغیر

ما' = م

اس لئے　　ما = لا ما'

یہ مساوات اُن تمام خطوط مستقیم کی تفرقی مساوات ہے جو مبدا میں
سے گذرتے ہیں اور اس کا ہندسی مفہوم یہ ہے کہ مبدا میں سے
گذرنے والے کسی خط مستقیم کی سمت اُس کے کسی نقطہ پر وہی ہے
جو اس نقطہ اور مبدا کو ملانے والے سمتی کی ہے۔
۳۔ اب فرض کرو کہ منحنیات کے قبیل کو تعبیر کرنے والی مساوات

ف (لا، ما، ا، ب) = ۰ ....(۱)

ہے جس میں دو اختیاری مستقل ا، ب ہیں اور قبیل کے مختلف
منحنی ان مستقلات کو مختلف قیمتیں دینے سے حاصل ہوتے ہیں۔ بلحاظ
لا کے اوپر کی مساوات کا ایک دفعہ تفرق کرنے سے لا، ما، ما'، ا، ب
میں ایک ربط حاصل ہوگا فرض کرو کہ یہ ربط ہے

فہ (لا، ما، ما'، ا، ب) = ۰ ....(۲)

اگر ایک دفعہ اور بلحاظ لا کے اس کا تفرق کیا جائے تو لا، ما، ما$_1$، ا، ب میں ایک ربط ملے گا، فرض کرو کہ یہ حسب ذیل ہے

صہ (لا، ما، ما$_1$، ما$_2$، ا، ب) = ۰ .... (۳)

ان تین مساواتوں سے ا، ب ساقط ہو سکتے ہیں کم از کم نظری لحاظ سے (اگر یہ پہلے سے عمل تفرق میں ساقط نہیں ہو چکے) اس طرح لا، ما، ما$_1$، ما$_2$ کو باہم منسلک کرنے والا ایک ربط مثلاً

ف (لا، ما، ما$_1$، ما$_2$) = ۰

حاصل ہوگا جو قبیل مفروض کی تفرقی مساوات ہوگی۔

۴۔ مساوات کا رتبہ

تعریف کے طور پر ہم اسے مان لیتے ہیں کہ تفرقی مساوات کا رتبہ اس اعلیٰ ترین تفرقی سر سے متعین ہوتا ہے جو اس میں واقع ہوتا ہے۔
ہم نے اوپر دیکھا ہے کہ اگر دو مجہولوں کی کسی مساوات میں ایک اختیاری مستقل واقع ہو تو اس مستقل کو ساقط کرنے پر پہلے رتبہ کی تفرقی مساوات حاصل ہوتی ہے اور اگر مساوات میں دو اختیاری مستقل واقع ہوں تو انہیں ساقط کرنے پر دوسرے رتبہ کی مساوات حاصل ہوتی ہے۔
یہ استدلال بالکل عام ہے، ن اختیاری مستقلات کو ساقط کرنے کیلئے ہمیں ن دفعہ تفرق کرنا ہوگا اور اس طرح لا، ما، ما$_1$، ما$_2$ .... ما$_ن$ کو باہم ربط دینے والی ایک تفرقی مساوات حاصل ہوگی جس کا رتبہ صریحاً ن ہوگا۔

مثال ۱۔ مساوات لا^2 + ما^2 = ۲ ا لا + ج سے ا اور ج کو ساقط کرو۔

تفرق کرنے سے لا + ما ما$_1$ = ا

دوبارہ تفرق کرنے سے ۱ + ما$_1^2$ + ما ما$_2$ = ۰

صرف عمل تفرق سے ہی مستقل غائب ہو چکے ہیں، اور یہ دوسرے

رتبہ کی تفرقی مساوات ہے (واضح ہو کہ بڑے سے بڑا تفرقی سر اس میں ما$_{۱}$ ہے) جو اُن تمام دائروں سے متعلق ہے جن کے مرکز لا، محور پہ واقع ہوتے ہیں۔

مثال ۲۔ اُن تمام مرکزدار مخروطی تراشوں کی تفرقی مساوات معلوم کرو جن کے محور محددوں کے محوروں پہ منطبق ہوتے ہیں۔

مخروطیوں کے اس قبیل کے کسی ایک رکن کی نمونہ کی مساوات ہوگی

ا لا^{۲} + ب ما^{۲} = ۱

تفرق کرنے سے ا لا + ب ما ما$_{۱}$ = ۰

دوبارہ تفرق کرنے سے ا + ب (ما$_{۱}^{۲}$ + ما ما$_{۲}$) = ۰

جس سے لا (ما$_{۱}^{۲}$ + ما ما$_{۲}$) − ما ما$_{۱}$ = ۰

مطلوبہ تفرقی مساوات حاصل ہوتی ہے۔

۵۔ عمل اسقاط الٹ نہیں سکتا۔

بالعموم اوپر کا عمل اسقاط الٹ نہیں سکتا اور جب ایک قبیل کی تفرقی مساوات دی ہوئی ہو اور ہم اس کے کسی ایک رکن کی نمونہ کی مساوات معلوم کرنا چاہیں تو ہمیں عمل استکمل کی طرح چند معیاری صورتوں سے کام لئے بغیر چارہ نہیں ہوتا اور کئی مساواتیں ایسی پیدا ہوتی ہیں جنہیں ہم مطلق حل نہیں کر سکتے۔

تاہم اوپر کی دفعات سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ اگر ن ویں رتبہ کی تفرقی مساوات کو حل کرنا مقصود ہو تو ہمیں لا، ما اور ن اختیاری مستقلات میں ایک ایسا جبریہ ربط معلوم کرنا چاہیئے کہ ان مستقلات کو ساقط کرنے پر مفروضہ تفرقی مساوات حاصل ہو سکے۔ ایسا جبریہ ربط مساوات کا عام حل خیال کیا جاتا ہے۔

پہلے رتبہ کی تفرقی مساواتیں

٦ — انکی پانچ معیاری صورتیں ہیں

صورت اول — متغیر جدائی پذیر

وہ تمام مساواتیں جن میں فرلا اور لا والی تمام رقمیں مساوات کے ایک طرف اور فرما اور ما والی تمام رقمیں دوسری طرف لائی جا سکیں اس صورت کے تحت میں آتی ہیں اور تکمل کرنے سے فوراً حل ہو سکتی ہیں

مثال ١ — مثلاً اگر قط ما = قط لا (فرما / فرلا)

تو جم لا فرلا = جم ما فرما

تکمل کرنے سے ربط جب لا = جب ما + ا

حاصل ہوتا ہے جس میں ایک اختیاری مستقل ا شامل ہے۔

مثال ٢ — اگر (لا² + ١) / (ما² + ١) = لا ما (فرما / فرلا)

تو (لا + ١/لا) فرلا = (ما² + ما) فرما

اس لئے لا²/٢ + لوک لا = ما²/٣ + ما²/٢ + ا

جس میں ایک اختیاری مستقل ا شامل ہے۔

امثلہ

ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو

١ — لا جم² ما فرلا = ما جم² لا فرما

۲ - $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{\text{لا}^2 + \text{لا} + 1}{\text{ما}^2 + \text{ما} + 1}$ ۳ - $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} + \frac{\text{ما}^2 + \text{ما} + 1}{\text{لا}^2 + \text{لا} + 1} = 0$

۴ - ثابت کرو کہ مثال ۳ کے قبیل منحنیات کا ہر ایک رکن مثال ۲ کے ہر رکن کو علی القوائم قطع کرتا ہے۔

۵ - $\text{لا ما}\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{1 + \text{ما}^2}{1 + \text{لا}^2} (1 + \text{لا} + \text{لا}^3)$

۶ - $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \text{ھ}^{\text{لا} - \text{ما}} + \text{لا}^2 \text{ھ}^{-\text{ما}}$

۷ - ثابت کرو کہ وہ تمام منحنی جن میں عماد کا مربع سمتی نیم قطر کے مربع کے مساوی ہے یا تو دائرے ہیں یا قائم زائد۔

۸ - ثابت کرو کہ ایک ایسا منحنی جس کے کسی نقطہ پر کا مماس اس نقطہ کے سمتی نیم قطر کے ساتھ مستقل زاویہ (عہ) بنائے صرف اس جماعت $\text{ر} = \text{ا}\,\text{ھو}^{\text{طم عہ}}$ سے متعلق ہو سکتا ہے۔

۹ - اُن منحنیات کی مساواتیں معلوم کرو جن میں
(۱) کارتیزی زیر مماس مستقل ہو
(۲) کارتیزی زیر عماد مستقل ہو
(۳) قطبی زیر مماس مستقل ہو
(۴) قطبی زیر عماد مستقل ہو

۱۰ - اُس منحنی کی کارتیزی مساوات معلوم کرو جس کے مماس کا طول مستقل ہو۔

صورت دوم - خطی مساواتیں

حسب ذیل شکل کی مساوات

$$\text{ما}_{\text{ن}} + \text{ف}\,\text{ما}_{\text{ن}-1} + \text{ق}\,\text{ما}_{\text{ن}-2} + \ldots + \text{ک}\,\text{ما} = \text{ر}$$

جہاں ف، ق، ... ک، ر متغیر لا کے تفاعل یا مستقل مقداریں ہیں خطی مساوات کہلاتی ہے، اس مساوات کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تفرقی سروں کی ایک سے بڑی قوت شریک نہیں ہوتی

فی الحال چونکہ ہم پہلے رتبہ کی تفرقی مساواتوں پر غور کر رہے ہیں، اس لئے خطی مساوات کی صورت زیر بحث یہ ہوگی

$$\text{ما}' + \text{ف ما} = \text{ق}$$

اگر اس کے دونوں جانب $\text{و}^{\int \text{ف فرلا}}$ سے ضرب دیدیا جائے تو مساوات اس طرح لکھی جاسکتی ہے

$$\frac{\text{فر}}{\text{فرلا}}\left(\text{ما و}^{\int \text{ف فرلا}}\right) = \text{ق و}^{\int \text{ف فرلا}}$$

$$\text{پس ما و}^{\int \text{ف فرلا}} = \int \text{ق و}^{\int \text{ف فرلا}} \text{فرلا} + \text{ر}$$

یہ لا، ما کا باہمی ربط تفرقی مساوات کو پورا کرتا ہے اور اس میں ایک اختیاری مستقل شامل ہوتا ہے۔ اس لئے یہ مطلوبہ حل ہے۔

جزو ضربی $\text{و}^{\int \text{ف فرلا}}$ کے ساتھ ضرب دینے سے مساوات کے دائیں جانب کا رکن پورا تفرقی سر ہو جاتا ہے، اس لئے اسے "متکمل جزوِ ضربی" کہتے ہیں۔

مثال ۱۔ $\text{ما}' + \text{لا ما} = \text{لا}$ کو تکمل کرو۔

متکمل جزوِ ضربی یہاں $\text{و}^{\int \text{لا فرلا}}$ یا $\text{و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}}$ ہے اور اس لئے مساوات اس طرح لکھی جاسکتی ہے

$$\frac{\text{فر}}{\text{فرلا}}\left(\text{ما و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}}\right) = \text{لا و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}}$$

$$\text{یا}\quad \text{ما و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}} = \text{و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}} + \text{ر}$$

یعنی $ما = ۱ + ار و^{-\frac{لا^۲}{۲}}$

مثال ۲۔ $\frac{فر ما}{فر لا} + \frac{۱}{لا} ما = لا^۲$ کو مکمل کرو۔

اس جگہ مکمل جزو ضربی $و^{\int \frac{۱}{لا} فر لا} = و^{لوک لا} = لا$ ہے اور مساوات اس طرح لکھی جا سکتی ہے $\frac{فر}{فر لا}(لا ما) = لا^۳$

اور $لا ما = \frac{لا^۴}{۴} + ار$ یا $ما = \frac{لا^۳}{۴} + \frac{ار}{لا}$

۸۔ ایسی مساواتیں جو خطی صورت میں تحویل ہو سکتی ہیں

کئی مساواتیں جو دیکھنے میں خطی شکل

$$\frac{فر ما}{فر لا} + ف ما = ق$$

کی نہ ہوں متغیروں کو بدلنے سے فوراً اس شکل میں لائی جا سکتی ہیں۔
ایک مشہور صورت ذیل میں مندرج ہے

$$\frac{فر ما}{فر لا} + ف ما = ق ما^ن$$

یا $ما^{-ن} \frac{فر ما}{فر لا} + ف ما^{-ن+۱} = ق$

رکھو $ما^{۱-ن} = ی$

تو $ما^{-ن} فر ما = \frac{فر ی}{۱-ن}$

یا $\frac{فر ی}{فر لا} + (۱-ن) ف ی = ق (۱-ن)$

جو ایک خطی مساوات ہے اور اس کا حل یہ ہے

$$\text{ی و}^{(۱-ن)\int \text{ف فرلا}} = (۱-ن)\int \text{ق و}^{(۱-ن)\int \text{ف فرلا}}\ \text{فرلا} + \text{ا}$$

یعنی $\text{ما}^{۱-ن}\ \text{و}^{(۱-ن)\int \text{ف فرلا}} = (۱-ن)\int \text{ق و}^{(۱-ن)\int \text{ف فرلا}}\ \text{فرلا} + \text{ا}$

مثال ۱ — $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \text{ما}^۲$ کو تکمیل کرو

یہاں $\text{ما}^{-۲}\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{\text{ما}^{-۱}}{\text{لا}} = ۱$

یا $\frac{۱}{\text{ما}} = \text{ی}$ رکھنے سے

$$\frac{\text{فری}}{\text{فرلا}} - \frac{\text{ی}}{\text{لا}} = -۱$$

اور چونکہ مکمل جزو ضربی $\text{و}^{-\int \frac{۱}{\text{لا}}\text{فرلا}} = \text{و}^{-\text{لوک لا}} = \frac{۱}{\text{لا}}$ ہے

اس لئے $\frac{\text{فر}}{\text{فرلا}}\left(\frac{\text{ی}}{\text{لا}}\right) = -\frac{۱}{\text{لا}}$

یعنی $\frac{\text{ی}}{\text{لا}} = \text{لوک}\frac{۱}{\text{لا}} + \text{ا}$

یعنی $\frac{۱}{\text{ما}} = \text{ا لا} - \text{لا لوک لا}$

مثال ۲ — مساوات $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{لا جب ۲ما} = \text{لا}^۳\ \text{جم}^۲\ \text{ما}$ کو تکمیل کرو

$\text{جم}^۲\ \text{ما}$ پر تقسیم کرنے سے

$$\text{قط}^۲\ \text{ما}\ \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + ۲\ \text{لا مس ما} = \text{لا}^۳$$

رکھو $\text{مس ما} = \text{ی}$

تب　فری/فرلا + ۲لا ی = لا^۳

متکمل جزوِ ضربی و^(∫ ۲ لا فرلا) ہے اس لئے

ی و^(لا^۲) = ∫ لا^۳ و^(لا^۲) فرلا + ا

فرض کرو کہ لا^۲ = سہ

تب ۲لا فرلا = فرسہ

پس ∫ لا^۳ و^(لا^۲) فرلا = ۱/۲ ∫ سہ و^(سہ) فرسہ

= ۱/۲ و^(سہ) (سہ - ۱)

پس مس ما × و^(لا^۲) = ۱/۲ و^(لا^۲) (لا^۲ - ۱) + ا

جو مساوات مفروضہ کا حل ہے۔

ظاہر ہے کہ اس قسم کی مساواتوں کو خطی (یا کسی اور معلومہ) صورت میں لانے کے لئے بڑی فراست اور تیز فہمی کی ضرورت ہوگی۔

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو

۱- (۱+لا^۲) فرما/فرلا + ما = و^(مس^-۱ لا)　　۲- فرما/فرلا + ۲ما = جب ب لا

۳- فرلے/فرطہ + لے/طہ = ا طہ^ن　　۴- فرلا/فرما + لا/ما = ما^۲

۵- (۱+ما^۲) + (لا - و^(مس^-۱ ما)) فرما/فرلا = ۰　　۶- (و^(-۲√لا)/√لا - ما/√لا) فرلا/فرما = ۱

۷۔ ثابت کرو کہ دفعہ ۷ کے حل میں کوئی زیادہ عمومیت پیدا نہیں ہوتی اگر تکمل جزوِ ضربی $\text{قو}^{\text{ر ف فرلا}}$ کے حاصل کرنے میں قوت نما کے ساتھ ایک مستقل کا اضافہ کر دیا جائے۔

۸۔ ایسے منحنی معلوم کرو جن میں کارٹیزی زیرعماد ایسے بدلے جیسے سمتی نیم قطر کا مربع۔

ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو

۹۔ $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \frac{\text{ما}^{۲}}{\text{لا}^{۲}}$　　۱۰۔ $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \frac{\text{ما}^{\text{ن}}}{\text{لا}^{\text{ن}}}$

۱۱۔ $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{لا ما} = \text{لا ما}^{\text{ن}}$

۱۲۔ $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{۱}{\text{لا}}\,\text{مس ما} = \frac{۱}{\text{لا}^{۲}}\,\text{مس ما جب ما}$ [رکھو $\text{ما} = \text{جب}^{۱}\text{ی}$]

۱۳۔ $\frac{\text{فری}}{\text{فرلا}} + \frac{\text{ی}}{\text{لا}}\,\text{لوک ی} = \frac{\text{ی}}{\text{لا}^{۲}}(\text{لوک ی})^{۲}$ [رکھو $\text{ی} = \text{قو}^{\text{ما}}$]

۱۴۔ $\frac{\text{فری}}{\text{فرلا}} + \text{لا} = \text{لا قو}^{(\text{ن}-۱)\text{ی}}$ [رکھو ی = لوک ما]

۱۵۔ ایسے منحنی معلوم کرو جن کے سمتی نیم قطر اور قطبی زیر مماس کے متکافیوں کا مجموعہ مستقل ہو۔

۱۶۔ ایسے منحنیات کے قبیل کی قطبی مساوات معلوم کرو جن میں سمتی نیم قطر اور قطبی زیرعماد کا مجموعہ ایسے بدلے جیسے سمتی نیم قطر کی ن ویں قوت۔

۱۷۔ ثابت کرو کہ ایسے منحنی جن میں انحناء کا نیم قطر ایسے بدلتا ہو جیسے عماد پر کے عمود کا مربع ایک ایسی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جس کی پائیں مساوات $\text{ر}^{۲} - \text{ع}^{۲} = \frac{\text{ع}}{\text{ک}} + \frac{۱}{۲\text{ک}} + \text{ا قو}^{۲\text{ک ع}}$

ہے جہاں ک ایک معلومہ اور ا اختیاری مستقل ہے۔

۱۸- ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو

(۱) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{1}{\text{لا}} = \frac{\text{ق}^{\text{ما}}}{\text{لا}^{2}}$ (۲) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ا} = \text{ق}^{\text{ما}}\ \text{جب ب لا}$

(۳) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} - \frac{\text{مس ما}}{1+\text{لا}} = (1+\text{لا})\ \text{ق}^{\text{لا}}\ \text{قط ما}$

(۴) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} - \frac{\text{ف (ما)}}{\text{ف}'\text{ (ما)}}\ \text{فہ}'\text{ (لا)} = \frac{\text{فہ (لا) فہ}'\text{ (لا)}}{\text{ف}'\text{ (ما)}}$

باب دوم

پہلے رتبہ کی مساواتیں (مسلسل)

متجانس مساواتیں ـ ایک حرف غائب

کلیروی صورت

۹ـ صورت سوم ـ متجانس مساواتیں ـ

جو مساواتیں لا، ما میں متجانس ہوں وہ اس طرح لکھی جا سکتی ہیں

$$\text{لا}^{\text{ن}}\ \text{ف}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}}\ ،\ \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right) = 0$$

(ا) اگر ممکن ہو تو اس صورت میں ہم مساوات کو $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کے لئے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس طرح اس شکل کا نتیجہ حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \text{فہ}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}}\right)$$

اس میں رکھو ما = و لا

تو حاصل ہوگا $\text{و} + \text{لا}\,\frac{\text{فرو}}{\text{فرلا}} = \text{فہ}(\text{و})$

یا $\frac{\text{فرو}}{\text{فہ(و)} - \text{و}} = \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}}$

اس طرح متغیر الگ ہو جاتے ہیں اور مساوات کا حل صورت اول کی

تحت میں آجاتا ہے۔

$$\text{پس} \quad \text{لوک لا} = \int \frac{\text{فر و}}{\text{فہ (و)} - \text{و}}$$

(ب) لیکن اگر $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ کے لئے حل کرنا تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو مساوات کو $\frac{\text{ما}}{\text{لا}}$ کے لئے حل کرنا چاہیئے، اس طرح $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ کے لئے ع رکھنے سے

$$\text{ما} = \text{لا فہ (ع)} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے

$$\text{ع} = \text{فہ (ع)} + \text{لا فہَ (ع)} \frac{\text{فر ع}}{\text{فر لا}}$$

$$\text{یا} \quad \frac{\text{فر لا}}{\text{لا}} = \frac{\text{فہَ (ع) فر ع}}{\text{ع} - \text{فہ (ع)}}$$

اس مساوات کو تکمل کرنے سے ہم لا کو ع کے تفاعل اور ایک اختیاری مستقل کی رقوم میں بیان کرسکتے ہیں

یعنے $\text{لا} = \text{ف (ع)}$ فرض کرو .... (۲)

ع کو ان مساواتوں (۱) اور (۲) سے ساقط کرنے سے حل مطلوب حاصل ہوتا ہے۔

مثال ۱۔ $(\text{لا}^2 + \text{ما}^2) \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \text{لا ما}$

$$\text{یہاں} \quad \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{\text{لا ما}}{\text{لا}^2 + \text{ما}^2}$$

اور ما = و لا رکھنے سے

$$\text{لا} \frac{\text{فر و}}{\text{فر لا}} + \text{و} = \frac{\text{و}}{۱ + \text{و}^2}$$

یا لا فرو/فرلا = - و³/(۱ + و²)

∴ فرلا/لا = - (۱/و³ + ۱/و) فرو

یا لوک ر لا = ۱/۲و² - لوک و

یا ر ما = ھ^(لا²/۲ما²)

مثال ۲ — فرض کرو کہ مساوات یہ ہے

ما/لا = فرما/فرلا + (فرما/فرلا)²

یعنی ما = لا (ع + ع²)

تب ع = (ع + ع²) + لا(۱ + ۲ع) فرع/فرلا

یا فرلا/لا + (۱/ع² + ۲/ع) فرع = ۰

جس سے حاصل ہوتا ہے لوک ر لا + ۲ لوک ع - ۱/ع = ۰

یعنی ر لا ع² = ھ^(۱/ع)

اور { ما/لا = ع + ع²
ر لا ع² = ھ^(۱/ع) }

کا ع، حاصل اسقاط حل مطلوب ہے۔

یہ حاصل اسقاط ہے لوک {ر لا/۴ (-۱ ± √((۴ما + لا)/لا))²} = لا/۲ما {۱+ ± √((۴ما + لا)/لا)}

لیکن اگر جبریہ طریق پر ع کو ساقط کرنا ممکن نہ ہو یا اگر ساقط کرنے پر ایک بے ڈھنگا سا نتیجہ حاصل ہو تو عام طور پر ع، والی ان مساوات…

کو بغیر بدلے اسی شکل میں چھوڑ دیتے ہیں، اور انہیں ایسی ہمزاد مساواتیں خیال کرتے ہیں جن کا ع، حاصل استقاط تفرقی مساوات کا حل مطلوب ہے۔

امثلہ

ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو۔

۱۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{لا}}{\text{لا} + \text{ما}}$ ۲۔ $(\text{۳لا} + \text{۴ما}) = (\text{۵لا} + \text{۲ما}) \frac{\text{وما}}{\text{ولا}}$

۳۔ $\text{لا}^{۲} \frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \text{ما}^{۲}$ ۴۔ $\text{ما} = \text{لا} \left[\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} + \left(\frac{\text{وما}}{\text{ولا}}\right)^{۳} \right]$

۵۔ $\text{ما} = \text{لا} \left\{ \text{ا} \left(\frac{\text{وما}}{\text{ولا}}\right)^{۲} + \text{ب} \frac{\text{وما}}{\text{ولا}} + \text{ج} \right\}$

۱۰۔ خاص صورت

مساوات $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{الا} + \text{ب ما} + \text{ج}}{\text{اَلا} + \text{بَ ما} + \text{جَ}}$ بآسانی متجانس شکل میں اس طرح لائی جاسکتی ہے

اس میں رکھو $\left.\begin{array}{l} \text{لا} = \text{ضا} + \text{ھ} \\ \text{ما} = \text{عا} + \text{ک} \end{array}\right\}$ جہاں ضا، عا متغیر ہیں اور ھ، ک مستقل۔

تب $\frac{\text{وعا}}{\text{وضا}} = \frac{\text{اضا} + \text{ب عا} + (\text{اھ} + \text{ب ک} + \text{ج})}{\text{اَضا} + \text{بَ عا} + (\text{اَھ} + \text{بَ ک} + \text{جَ})}$

اب ھ، ک کی قیمتیں ایسی منتخب کرو کہ $\begin{array}{l} \text{اھ} + \text{ب ک} + \text{ج} = ۰ \\ \text{اَھ} + \text{بَ ک} + \text{جَ} = ۰ \end{array}$

پس $\frac{\text{ھ}}{\text{ب جَ} - \text{بَ ج}} = \frac{\text{ک}}{\text{ج اَ} - \text{جَ ا}} = \frac{۱}{\text{ا بَ} - \text{اَ ب}}$

$$\text{تب}\quad \frac{\text{فرعا}}{\text{فرضا}} = \frac{\text{ا ضا} + \text{ب عا}}{\text{اَ ضا} + \text{بَ عا}}$$

یہ مساوات متجانس ہے، اس میں ہم رکھ سکتے ہیں $\text{عا} = \text{و ضا}$ اور متغیر حسب سابق الگ ہو سکتے ہیں۔

۱۱۔ لیکن ایک صورت میں ہے، کہ اس طرح منتخب نہیں ہو سکتے

$$\text{یعنی جبکہ}\quad \frac{\text{اَ}}{\text{ا}} = \frac{\text{بَ}}{\text{ب}} \neq \frac{\text{جَ}}{\text{ج}}$$

اس صورت میں فرض کرو کہ $\frac{\text{اَ}}{\text{ا}} = \text{م}$ اور $\text{ا لا} + \text{ب ما} = \text{عا}$

$$\text{تب}\quad \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{1}{\text{ب}}\left(\frac{\text{فرعا}}{\text{فرلا}} - \text{ا}\right)$$

$$\text{پس}\quad \left(\frac{\text{فرعا}}{\text{فرلا}} - \text{ا}\right) = \text{ب}\,\frac{\text{عا} + \text{ج}}{\text{م عا} + \text{جَ}}$$

$$\text{یا}\quad \frac{\text{فرعا}}{\text{فرلا}} = \frac{(\text{ام} + \text{ب})\,\text{عا} + \text{ا جَ} + \text{ب ج}}{\text{م عا} + \text{جَ}}$$

$$\text{اور}\quad \text{فرلا} = \frac{\text{م عا} + \text{جَ}}{(\text{ام} + \text{ب})\,\text{عا} + \text{ا جَ} + \text{ب ج}}\ \text{فرعا}$$

متغیر اب الگ ہو سکتے ہیں اور مساوات کا تکمل عمل میں آ سکتا ہے۔

۱۲۔ ایک اور صورت قابل توجہ ہے یعنی

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{\text{ا لا} + \text{ب ما} + \text{ج}}{-\,\text{ب لا} + \text{بَ ما} + \text{جَ}}$$

جہاں شمار کنندہ میں ما کا سر نسب نما میں لا کے سر کے مساوی اور مختلف العلامت ہے۔

اس صورت میں مساوات اس طرح لکھی جا سکتی ہے

$$(\text{ا لا} + \text{ج})\,\text{فرلا} + \text{ب}\,(\text{ما فرلا} + \text{لا فرما}) = (\text{بَ ما} + \text{جَ})\,\text{فرما}$$

جو ایک "ٹھیک یا حاضر" تفرقی مساوات ہے، اس کا تکملہ ہے

$$\text{ر}\,\text{لا}^2 + ۲\,\text{ج}\,\text{لا} + ۲\,\text{ب}\,\text{لا}\,\text{ما} = \text{ب}\,\text{ما}^2 + ۲\,\text{جَ}\,\text{ما} + \text{مم}$$

جہاں مم اختیاری مستقل ہے۔

مثال ۱۔ تکمل کرو $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{۲\text{لا} + ۳\text{ما} - ۸}{\text{لا} + \text{ما} - ۳}$ کو۔

رکھو $\text{لا} = \text{ضا} + \text{ھ}$، $\text{ما} = \text{عا} + \text{ک}$

پس $$\frac{\text{فرعا}}{\text{فرضا}} = \frac{۲\text{ضا} + ۳\text{عا} + (۲\text{ھ} + ۳\text{ک} - ۸)}{\text{ضا} + \text{عا} + (\text{ھ} + \text{ک} - ۳)}$$

ھ اور ک کی قیمتیں ایسی منتخب کرو کہ

$$\left.\begin{array}{l} ۲\text{ھ} + ۳\text{ک} - ۸ = ۰ \\ \text{ھ} + \text{ک} - ۳ = ۰ \end{array}\right\} \text{یعنی ھ} = ۱،\ \text{ک} = ۲$$

تب $$\frac{\text{فرعا}}{\text{فرضا}} = \frac{۲\text{ضا} + ۳\text{عا}}{\text{ضا} + \text{عا}}$$

اب رکھو $\text{عا} = \text{و}\,\text{ضا}$، تب

$$\text{و} + \text{ضا}\frac{\text{فرو}}{\text{فرضا}} = \frac{۲ + ۳\text{و}}{۱ + \text{و}}$$

$$\therefore\ -\text{ضا}\frac{\text{فرو}}{\text{فرضا}} = \text{و} - \frac{۲ + ۳\text{و}}{۱ + \text{و}} = \frac{\text{و}^2 - ۲\text{و} - ۲}{۱ + \text{و}}$$

$$\therefore\ \frac{\text{فرضا}}{\text{ضا}} = -\frac{\text{و} + ۱}{(\text{و} - ۱)^2 - ۳}\,\text{فرو}$$

$$= -\left[\frac{\text{و} - ۱}{(\text{و} - ۱)^2 - ۳} + \frac{۱}{۲\sqrt{۳}}\left(\frac{۱}{\text{و} - ۱ - \sqrt{۳}} - \frac{۱}{\text{و} - ۱ + \sqrt{۳}}\right)\right]\text{فرو}$$

$$\therefore\ -\text{لوک ضا} = \frac{۱}{۲}\,\text{لوک}\left\{(\text{و} - ۱)^2 - ۳\right\} + \frac{۱}{۲\sqrt{۳}}\,\text{لوک}\,\frac{\text{و} - ۱ - \sqrt{۳}}{\text{و} - ۱ + \sqrt{۳}} + \text{ل}$$

جہاں $\text{ضا} = \text{لا} - ۱$ اور $\text{و} = \frac{\text{ما} - ۲}{\text{لا} - ۱}$

مثال ۲- تکمل کرو فرما / فرلا = (لا + ما) / (لا + ما - ۱) کو

فرض کرو کہ لا + ما = ی، تب

فری / فرلا = ۱ + ی / (ی - ۱) = (۲ی - ۱) / (ی - ۱)

اور فرلا = (ی - ۱) / (۲ی - ۱) فری = ۱/۲ [۱ - ۱ / (۲ی - ۱)] فری

∴ لا = ۱/۲ ی - ۱/۴ لوک (۲ی - ۱) + ا

جہاں ی = لا + ما

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو۔

۱- فرما / فرلا = (۲لا + ۳ما) / (۳لا + ۲ما)

۲- فرما / فرلا = (لا + ۲ما - ۳) / (۲لا + ما - ۳)

۳- فرما / فرلا = (۲لا + ما - ۲) / (۴لا + ما - ۳)

۴- فرما / فرلا = (الا + ب ما - ا) / (ب لا + اما - ب)

۵- فرما / فرلا = (لا + ما + ۱) / (لا + ما - ۱)

۶- فرما / فرلا = (لا + ما + ۱) / (۲لا + ۲ما + ۱)

۷- (۲لا + ۳ما - ۵) فرما / فرلا + ۳لا + ۲ما - ۵ = ۰

۸- (۲لا + ۳ما - ۵) فرما / فرلا + ۲لا + ۳ما - ۱ = ۰

۹- ثابت کرو کہ ایک ذرہ لا، ما جو اس طرح حرکت کرتا ہے کہ

فرما / فرت = الا + ھما + گ

$$\frac{\text{د لا}}{\text{د ت}} = -(\text{ھ لا} + \text{ب ما} + \text{ف})$$

ہمیشہ ایک مخروطی تراش پر واقع ہوتا ہے۔

۱۰۔ ثابت کرو کہ عام متجانس مساوات $\text{ف}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}} ، \frac{\text{د ما}}{\text{د لا}}\right) = ۰$ کے حل ہمیشہ متشابہ منحنیات کے قبیل کو تعبیر کرتے ہیں۔

۱۱۔ ثابت کرو کہ $\text{ف}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}} ، \frac{\text{د ما}}{\text{د لا}}\right) = ۰$ کے حل لا، ما اور ایک مستقل کی کسی خاص قوت میں متجانس ہیں۔ برعکس اس کے اگر ایک قبیل منحنیات کے کسی رکن کی نمونہ کی مساوات لا، ما اور ایک مستقل کی کسی خاص قوت کے لحاظ سے متجانس ہو تو اس قبیل کی تفرقی مساوات بھی متجانس ہوگی اور قبیل کے منحنی سب ایک دوسرے کے متشابہ ہوں گے۔

۱۲۔ بتاؤ کہ ا، ب کی مختلف قیمتوں کے لئے منحنیات کے قبائل ذیل میں سے کون کون سے متشابہ جٹوں کو تعبیر کرتے ہیں۔

(۱) $\text{ما}^2 = ۴\,\text{ا لا}$ (۲) $\text{ما} = \text{ا جمز}\,\frac{\text{لا}}{\text{ا}}$

(۳) $\frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2} + \frac{\text{ما}^2}{\text{ب}^2} = ۱$ (۴) $\text{ما} = ۲\,\text{ا}^3\,\text{لوک}\,\frac{\text{لا}}{\text{ا}^3}$

(۵) $\text{ب سس}^{\text{ا}}\,\frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \text{ا} + \text{ما}$ (۶) $\text{لا}^3 + \text{ما}^3 = ۳\,\text{ا لا ما}$

۱۳۔ صورت چہارم۔ ایک حرف غائب

لا غائب

(۱) فرض کرو کہ تفرقی مساوات میں لا موجود نہیں ہے، اس صورت

ہیں مساوات کی شکل یہ ہوگی

$$\text{ف}\left(\text{ما}،\ \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right) = ۰$$

اسے ہم $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ یا ما کے لئے جیسا مناسب ہو حل کر سکتے ہیں۔

(۱) اگر $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کے لئے حل کیا جائے تو مساوات کی صورت یہ ہوگی

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \text{فہ}(\text{ما})$$

تب $\text{فرلا} = \frac{\text{فرما}}{\text{فہ}(\text{ما})}$

اور تکملی ہے $\text{لا} = \int \frac{\text{فرما}}{\text{فہ}(\text{ما})} + \text{ا}$

(۲) اگر $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کے لئے حل کرنا تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو ہم ما کے لئے حل کر سکتے ہیں، ایسا کرنے سے حاصل ہوگا $\text{ما} = \text{فہ}(\text{ع})$
جہاں ع تفرقی سر $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کی بجائے لکھا گیا ہے۔

بلحاظ لا کے جو مساوات میں موجود نہیں تفرق کرنے سے

$$\text{ع} = \text{فہَ}(\text{ع})\ \frac{\text{فرع}}{\text{فرلا}}$$

یعنی $\text{فرلا} = \frac{\text{فہَ}(\text{ع})}{\text{ع}}\ \text{فرع}$

پس $\text{لا} = \int \frac{\text{فہَ}(\text{ع})}{\text{ع}}\ \text{فرع} + \text{ا}$

تکمل کا عمل پورا کرنے پر ہم ع کو اس مساوات اور ما = فہ (ع) سے ساقط کرتے ہیں، اسطرح مساوات مفروضہ کا حل حاصل ہوتا ہے۔

۱۴- ما غائب

(ب) فرض کرو کہ تفرقی مساوات میں ما موجود نہیں ہے، اس صورت میں اس کی شکل ہوگی ف (لا، $\frac{\text{د ما}}{\text{د لا}}$) = ۰

چونکہ $\frac{\text{د ما}}{\text{د لا}} = \frac{1}{\frac{\text{د لا}}{\text{د ما}}}$، اسلئے اوپر کی مساوات اس طرح بھی لکھی جاسکتی ہے سا (لا، $\frac{\text{د لا}}{\text{د ما}}$) = ۰

پس اگر ما کو متغیر متبوع مانا جائے تو دفعہ ماقبل کی تشریح کا اطلاق اس پر بھی ہوتا ہے اور وہ اس طرح۔

(۱) بشرط سہولت $\frac{\text{د لا}}{\text{د ما}}$ کے لئے حل کرنے سے اس طرح کا نتیجہ حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{د لا}}{\text{د ما}} = \text{فہ (لا)}$$

تب $$\text{د ما} = \frac{\text{د لا}}{\text{فہ (لا)}}$$

اور تکملی ہے $$\text{ما} = \int \frac{\text{د لا}}{\text{فہ (لا)}} + \text{ل}$$

(۲) لیکن اگر $\frac{\text{د لا}}{\text{د ما}}$ کے لئے حل کرنا تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو

لا کے لئے حل کرنے سے ہم اس طرح کا نتیجہ حاصل کرتے ہیں لا= فہ(ق) جہاں ق، $\frac{\text{فرلا}}{\text{فرما}}$ کے لئے لکھا گیا ہے۔ بلحاظ ما کے جو مساوات میں موجود نہیں ہے تفرق کرنے سے

$$\text{ق} = \text{فہَ}\,(\text{ق})\,\frac{\text{فرق}}{\text{فرما}}$$

اس طرح $\text{فرما} = \frac{\text{فہَ}(\text{ق})}{\text{ق}}\,\text{فرق}$

اور $\text{ما} = \int \frac{\text{فہَ}(\text{ق})}{\text{ق}}\,\text{فرق} + \text{ا}$

تکمل کا عمل پورا کرنے پر ہمیں ق کو اس مساوات اور لا= فہ(ق) سے ساقط کرنا چاہئیے، اس طرح تفرقی مساوات کا حل مطلوب حاصل ہوگا۔

طالب علم دیکھے کہ دونوں صورتوں میں خواہ لا موجود نہ ہو یا ما، ہم حتی الامکان سب سے پہلے $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کے لئے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن اگر یہ عمل تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو باقی ماندہ حرف کے لئے حل کرنے کے بعد ہم اُس حرف کے لحاظ سے جو مساوات میں موجود نہ ہو تفرق کرتے ہیں، پس ہر صورت میں جو حرف مساوات میں موجود نہیں ہوتا اُسے متغیر متبوع خیال کیا جاتا ہے۔

مثال ۱۔ مساوات $\text{۱} + \text{لا}^{\text{۲}} - \text{لا}\,\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \text{۰}$ کو تکمل کرو

اسجگہ $\frac{\text{فرلا}}{\text{فرما}} = \frac{\text{لا}}{\text{۱} + \text{لا}^{\text{۲}}}$ یعنی $\text{فرما} = \left(\text{لا} + \frac{\text{۱}}{\text{لا}}\right)\text{فرلا}$

اور $\text{ما} = \frac{\text{لا}^2}{2} + \text{لوک لا} + \text{ا}$ حل مطلوب ہے

مثال ۲ ۔ حل کرو $\text{لا}\,\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = 1 + \left(\frac{\text{وما}}{\text{ولا}}\right)^2$ کو۔

مساوات اس طرح لکھی جاسکتی ہے

$$\text{لا} = \text{ق} + \frac{1}{\text{ق}} \quad \text{جہاں} \quad \text{ق} = \frac{\text{ولا}}{\text{وما}}$$

یہاں مساوات میں ما موجود نہیں ہے۔ اس کے لحاظ سے تفرق کرتے سے

$$\text{ق} = \left(1 - \frac{1}{\text{ق}^2}\right)\frac{\text{وق}}{\text{وما}}$$

$$\text{یا} \quad \frac{\text{وما}}{\text{وق}} = \frac{1}{\text{ق}} - \frac{1}{\text{ق}^3}$$

$$\text{اور} \quad \text{ما} = \text{لوک ق} + \frac{1}{2\text{ق}^2} + \text{ا}$$

اس مساوات اور مساوات $\text{لا} = \text{ق} + \frac{1}{\text{ق}}$ کا ق، حاصل اسقاط حل مطلوب ہے۔

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو حل کرو

۱ ۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \text{ما} + \frac{1}{\text{ما}}$ ۲ ۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \text{لا} + \frac{1}{\text{لا}}$

۳ ۔ $\sqrt{\text{ا} + \text{لا}}\,\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} + \text{لا} = 0$

۴ ۔ $(2\text{ا}\,\text{لا} + \text{لا}^2)\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \text{ا}^2 + 2\text{ا}\,\text{لا}$

۵- $(\text{۲ ا ما} + \text{ما}^{۲}) \frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}} = \text{ا}^{۲} + \text{۲ ا ما}$

۶- $\text{ما} = \text{جا}\left(\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}\right) - \frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}\ \text{جم}\left(\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}\right)$

۷- $\text{ما} = \text{ا}\left(\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}\right)^{۳} + \text{ب}\left(\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}\right)^{۲}$

۸- $\text{لا}\left(\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}\right)^{۳} = \text{ا} + \text{ب}\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}$

۱۵- صورت پنجم - کلیرو کی صورت $\text{ما} = \text{لا}\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}} + \text{ف}\left(\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}\right)$

$\frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}}$ کے لئے ع لکھنے سے

$\text{ما} = \text{ع لا} + \text{ف}(\text{ع}) \quad ....(۱)$

بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے

$\text{ع} = \text{ع} + \text{لا}\frac{\text{ورع}}{\text{ورلا}} + \text{فَ}(\text{ع})\frac{\text{ورع}}{\text{ورلا}}$

یا $\{\text{لا} + \text{فَ}(\text{ع})\}\frac{\text{ورع}}{\text{ورلا}} = ۰ \quad ....(۲)$

جس سے $\frac{\text{ورع}}{\text{ورلا}} = ۰$ یا $\text{لا} + \text{فَ}(\text{ع}) = ۰$

اب $\frac{\text{ورع}}{\text{ورلا}} = ۰$ سے حاصل ہوتا ہے $\text{ع} = \text{ج}$ جہاں ج مستقل ہے

پس $\text{ما} = \text{ج لا} + \text{ف}(\text{ج})$ تفرقی مساوات کا ایک حل ہے جہاں ج مستقل ہے۔

نیز اگر ع کو مساوات

لا + ف (ع) = ۰ .... (۳)

سے لا کی رقوم میں معلوم کیا جائے تو ع ، لا کا ایک تفاعل ہوگا اور اگر ع کی یہ قیمت مساوات (۱) میں مندرج کی جائے اور جو ایک ہی بات ہے کہ ع کو مساواتوں (۱) اور (۳) سے ساقط کیا جائے تو ہمیں لا ، ما میں ایک ربط حاصل ہوگا اور یہ بھی تفرقی مساوات کو پورا کرے گا۔

اب ع کو مساواتوں

ما = ع لا + ف (ع)

۰ = لا + فَ (ع)

سے ساقط کرنا وہی بات ہے کہ ج کو مساواتوں

ما = ج لا + ف (ج)

۰ = لا + فَ (ج)

سے ساقط کیا جائے یعنی ج کی مختلف قیمتوں کے لئے خط ما = ج لا + ف (ج) کا لفاف معلوم کیا جائے۔

اس لئے مساوات مفروضہ کے حل دو طرح کے ہیں۔

(۱) خطی حل جسے "تکمل ابتدائی" کہتے ہیں اور جس میں ایک اختیاری مستقل شامل ہوتا ہے۔

(۲) لفاف یا "نادر حل" جس میں کوئی اختیاری مستقل شامل نہیں ہوتا اور نیز یہ حل تکمل ابتدائی سے اختیاری مستقل کی جگہ کوئی خاص عددی قیمت مندرج کرنے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

ان حلوں کے درمیان ہندسی ربط یہ ہے کہ کامل ابتدائی خطوط کے ایک قبیل کو تعبیر کرتا ہے اور نادر حل ان کے لفاف کو۔ نادر حلوں کی بحث اس کتاب کی حدود سے باہر ہے اور مزید معلومات کے لئے طالب علم بڑے رسالوں کا مطالعہ کرے۔

مثال - حل کرو   ما = ع لا + ر/ع

کلیروی قاعدہ کی رو سے کامل ابتدائی ہے

ما = م لا + ر/م

لفافی یا نادر حل اوپر کی مساوات اور

۰ = لا - ر/م^{۲}

کے درمیان م کو ساقط کرنے سے حاصل ہوگا۔

نادر حل ہے   ما^{۲} = ۴ ر لا

طالب علم فوراً پہچان لیگا کہ نادر حل ما^{۲} = ۴ ر لا
مکافی کی مساوات ہے اور کامل ابتدائی ما = م لا + ر/م
مکافی کے مماس کی مساوات ہے۔

امثلہ

ذیل کی ہر ایک صورت میں کامل ابتدائی اور لفافی حل معلوم کرو

۱- ما = ع لا + ع^{۲} ۲- ما = ع لا + ع^{۳}

۳- ما = ع لا + ع^{ن} ۴- ما = ع لا + √(ر^{۲} ع^{۲} + ب^{۲})

۵- ما = (لا - ر) ع - ع^{۲} ۶- (ما - ع لا) (ع - ۱) = ع

۱۶- مساوات   ما = لا ف(ع) + سا(ع) .... (۱)
بھی پہلے بلحاظ لا کے تفرق کرنے پھر ع کو متغیر متبوع خیال
کرنے سے حل ہو سکتی ہے۔

تفرق کرنے سے

$$\text{ع} = \text{فہ}(\text{ع}) + \text{لا}\,\text{فہَ}(\text{ع})\frac{\text{دع}}{\text{دلا}} + \text{سَا}(\text{ع})\frac{\text{دع}}{\text{دلا}}$$

جس سے
$$\frac{\text{دلا}}{\text{دع}} + \text{لا}\frac{\text{فہَ}(\text{ع})}{\text{فہ}(\text{ع}) - \text{ع}} = -\frac{\text{سَا}(\text{ع})}{\text{فہ}(\text{ع}) - \text{ع}}$$

جو ایک خطی مساوات ہے اور اس کا حل یہ ہے

$$\text{لا}\,\text{و}^{\int\frac{\text{فہَ}(\text{ع})\text{دع}}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}}} = -\int\frac{\text{سَا}(\text{ع})}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}}\,\text{و}^{\int\frac{\text{فہَ}(\text{ع})\text{دع}}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}}}\text{دع} + \text{ا} \quad .....(۲)$$

اب اگر مساواتوں (۱) اور (۲) سے ع کو ساقط کیا جائے تو اصلی مساوات کا کامل ابتدائی حاصل ہوگا۔

مثال۔ حل کرو　$\text{ما} = ۲\,\text{ع}\,\text{لا} + \text{ع}^{۲} \quad .....(۱)$

تفرق کرنے سے　$\text{ع} = ۲\,\text{ع} + ۲\,\text{لا}\frac{\text{دع}}{\text{دلا}} + ۲\,\text{ع}\frac{\text{دع}}{\text{دلا}}$

$$\text{یا}\quad \text{ع}\frac{\text{دلا}}{\text{دع}} + ۲\,\text{لا} = -۲\,\text{ع}$$

$$\text{یعنی}\quad \frac{\text{د}}{\text{دع}}(\text{ع}^{۲}\,\text{لا}) = -۲\,\text{ع}^{۲}$$

جس سے حاصل ہوتا ہے $\text{ع}^{۲}\,\text{لا} = -\frac{۲}{۳}\text{ع}^{۳} - \text{ا} \quad .....(۲)$

اِن مساواتوں کا ع، حاصل اسقاط اس طرح حاصل ہو سکتا ہے۔ پہلے ع کے لئے مساوات (۱) کو حل کرو پھر (۲) میں مندرج کرو۔ لیکن اگر نتیجہ کو منطق صورت میں پیش کرنا مطلوب ہو تو اس طرح عمل کرو

مساوات (۲) سے　$۲\,\text{ع}^{۳} + ۳\,\text{ع}^{۲}\,\text{لا} + ۳\,\text{ا} = ۰$

(۱) سے　$\text{ع}^{۳} + ۲\,\text{ع}^{۲}\,\text{لا} - \text{ع}\,\text{ما} = ۰$

اس لئے　$\text{ع}^{۲}\,\text{لا} - ۲\,\text{ع}\,\text{ما} - ۳\,\text{ا} = ۰$

اس مساوات اور　$\text{ع}^{۲} + ۲\,\text{ع}\,\text{لا} - \text{ما} = ۰$　سے چلیپی ضرب کے

ذریعہ

$$\frac{\text{ع}^{2}}{\text{۲ ما}^{2}+\text{۳ ر لا}}=\frac{\text{ع}}{\text{لا ما}-\text{۳ ر}}=\frac{\text{۱}}{\text{۲ لا}^{2}+\text{۲ ما}}$$

جس سے حاصل اسقاط ہے $\text{۴}(\text{ما}^{2}+\text{۳ ر لا})(\text{لا}^{2}+\text{ما})=(\text{لا ما}-\text{۳ ر})^{2}$

۱۷- ع کو ساقط کرنے کا جبریہ عمل کئی صورتوں میں مشکل یا ناممکن ہوتا ہے، ایسی صورتوں میں اسقاط کا عمل فی الحقیقت نہیں کیا جاتا لیکن مساواتوں (۱) اور (۲) کو ایسی ہمزاد مساواتیں خیال کیا جاتا ہے جن کا ع، حاصل اسقاط مساوات زیربحث کا حل مطلوب ہوتا ہے

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو حل کرو

۱- $\text{ما}=\text{ع}^{2}\,\text{لا}+\text{ع}$ ۲- $\text{ما}=\text{ر لا ع}+\text{ع}^{2}$

۳- $\text{۱}=\text{ع}^{2}\,\text{لا}+\text{ع}^{2}$ ۴- $\text{ما}=(\text{ع}+\text{ع}^{2})\,\text{لا}+\frac{\text{۱}}{\text{ع}}$

۵- $\text{ما}=(\text{ع}+\text{ع}^{\text{ن}})\,\text{لا}+\frac{\text{۱}}{\text{ع}^{\text{ن}-\text{۱}}}$ ۶- $\text{ما}=\text{۲ ع لا}+\text{ع}^{\text{ن}}$

۷- $\text{ما}=\text{ر ع لا}+\text{ب ع}^{3}$

۸- ایک منحنی کے نقطہ ن پر کا مماس محور وما سے ت پر ملتا ہے اور و ت² اُس زاویۂ میلان کے مماس کے متناسب ہے جو ن ت کا و لا کے ساتھ ہے، منحنی کو معلوم کرو۔ [آکسفورڈ ۱۸۸۸ء]

۹- جو منحنی یہ خاصیت رکھتے ہیں کہ حوالہ کے محوروں پر اُن کے مماسوں کے مقطوعوں کا مجموعہ مستقل ہوتا ہے اُن کی تفرقی مساوات معلوم کرو۔

کامل ابتدائی معلوم کرنے سے مماس کی مساوات اور نادر حل منحنیات زیربحث کی مساوات معلوم کرو۔

۱۰۔ وہ منحنی معلوم کرو جن کی صورت میں اُس مثلث کا رقبہ جو مماس اور حوالہ کے محوروں کے درمیان بنتا ہے مستقل ہو۔

۱۱۔ جن منحنیات میں مماس کے اُس حصہ کا طول جو حوالہ کے محوروں کے درمیان کٹتا ہے مستقل ہو اُن کی تفرقی مساوات معلوم کرو کامل ابتدائی اور نادر حل کو حاصل کرو اور ہر ایک کی ہندسی تعبیر بتاؤ۔

۱۲۔ ایک منحنی تفرقی مساوات $\text{ما} = \text{ع}^{2}(\text{لا} - \text{ع})$ کو پورا کرتا ہے نیز اگر $\text{لا} = \frac{1}{2}$ تو $\text{ع} = 0$۔ منحنی کی مساوات معلوم کرو [آکسفورڈ ۱۸۹۶ء]

۱۳۔ مساوات ذیل کا کامل ابتدائی اور نادر حل معلوم کرو

$$\text{و}^{3\text{لا}}\left(\text{ما} - \frac{\text{د ما}}{\text{د لا}}\right) = \text{ج}\left\{\text{و}^{2\text{لا}} + \left(\frac{\text{د ما}}{\text{د لا}}\right)^{2}\right\}^{\frac{3}{2}}$$ [آکسفورڈ ۱۸۹۰ء]

۱۴۔ ثابت کرو کہ اگر $\text{لا}^{2} = \text{س}$ اور $\text{ما}^{2} = \text{ت}$ تو مساوات ذیل

$$\text{ر لا ما ما}'^{2} + (\text{لا}^{2} - \text{ر ما}^{2} - \text{ب})\text{ما}' - \text{لا ما} = 0$$

کلیروی شکل میں تحویل ہو سکتی ہے۔
اس طرح سے اس کا کامل ابتدائی اور نادر حل معلوم کرو۔ نتیجہ کی تعبیر بیان کرو۔

باب سوم

دوسرے رتبہ کی تفرقی مساواتیں

ٹھیک یا حاضر تفرقی مساواتیں

۱۸۔ دوسرے رتبہ کی مساوات

اب ہم دوسرے رتبہ کی تفرقی مساوات پر بحث کرینگے

$$\text{فہ}\,(\text{لا}،\ \text{ما}،\ \text{ما}_1،\ \text{ما}_2) = 0$$

اِس کے حل کرنے کا کوئی **عام** طریقہ نہیں ہے، مگر اس کی خاص صورتوں کا حل کرنا چنداں مشکل نہیں۔

۱۹۔ صورت اول فرض کرو کہ یہ خطی مساوات ہے

اسکی نمونہ کی صورت ہوگی $\frac{\text{ور}^2\,\text{ما}}{\text{ور}\,\text{لا}^2} + \text{ف}\,\frac{\text{ور}\,\text{ما}}{\text{ور}\,\text{لا}} + \text{ق}\,\text{ما} = \text{ر}$

جہاں ف، ق، ر متغیر لا کے تفاعل ہیں۔

اس مساوات کو حل کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ پہلے ر کو حذف کرکے مساوات

$$\frac{\text{ور}^2\,\text{ما}}{\text{ور}\,\text{لا}^2} + \text{ف}\,\frac{\text{ور}\,\text{ما}}{\text{ور}\,\text{لا}} + \text{ق}\,\text{ما} = 0$$

کا کوئی حل معلوم کیا جائے یا ویسے ہی بھانپ لیا جائے۔

فرض کرو کہ $\text{ما} = \text{فہ}\,(\text{لا})$ اس کا ایک حل ہے، اصلی مساوات میں رکھو

$$\text{ما} = \text{ی}\,\text{فہ}\,(\text{لا})$$

$$\text{ما}_1 = \text{ی}_1\,\text{فہ}\,(\text{لا}) + \text{ی}\,\text{فہ}'\,(\text{لا})$$

ما۲ = ی۲ فہ (لا) + ۲ ی۱ فہَ (لا) + ی فہً (لا)

ان قیمتوں کو مندرج کرنے سے

ی۲ فہ (لا) + ۲ ی۱ فہَ (لا) + ی فہً (لا)
+ ف ی۱ فہ (لا) + ف ی فہَ (لا)
+ ق ی فہ (لا) = ل

لیکن فہً (لا) + ف فہَ (لا) + ق فہ (لا) = ۰ حسب مفروضہ

اس لئے ی۲ + { ۲ فہَ (لا) / فہ (لا) + ف } ی۱ = ل / فہ (لا)

جو ی۱ کے لئے خطی مساوات ہے

متکمل بہ ضربی ہے

ق^(∫{ف + ۲ فہَ (لا) / فہ (لا)} ور لا) یا [فہ (لا)]^۲ ق^(∫ف ور لا)

اور پہلا تکملی ہے

ی۱ {فہ (لا)}^۲ ق^(∫ف ور لا) = ∫ ل {فہ (لا)} ق^(∫ف ور لا) ور لا + ا۱

جس سے دوسرا تکملی اور اس لئے تفرقی مساوات کا حل حاصل ہو سکتا ہے

مثال — اس مساوات کو حل کرو و^۲ ما / ور لا^۲ + لا^۳ و ما / ور لا − لا^۲ ما = لا^۳ ق^(لا^۲/۲)

یہاں ما = لا مساوات و^۲ ما / ور لا^۲ + لا^۳ و ما / ور لا − لا^۲ ما = ۰ کا ایک حل ہے

اس لئے رکھو ما = لا ی

تب ما۱ = لا ی۱ + ی

اور ما۲ = لا ی۲ + ۲ ی۱

اس لئے لا ی۲ + ۲ ی۱ + لا^۳ (لا ی۱ + ی) − لا^۲ (لا ی) = لا^۳ ق^(لا^۲/۲)

$$ی_۱ + \left(\frac{۲}{لا} + لا^۳\right) ی_۱ = لا^۲ و^{-\frac{لا^۴}{۴}}$$

اور مکمل جزو ضربی ہے $و^{\int\left(\frac{۲}{لا} + لا^۳\right) دلا}$ یا $لا^۲ و^{\frac{لا^۴}{۴}}$

پس $\frac{د}{دلا}\left(ی_۱ لا^۲ و^{\frac{لا^۴}{۴}}\right) = لا^۴$

اور $ی_۱ لا^۲ و^{\frac{لا^۴}{۴}} = \frac{لا^۵}{۵} + ا$

یعنی $ی_۱ = \frac{۱}{۵} لا^۳ و^{-\frac{لا^۴}{۴}} + \frac{ا}{لا^۲} و^{-\frac{لا^۴}{۴}}$

جس سے $ی = -\frac{۱}{۵} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} + ا \int \frac{۱}{لا^۲} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} دلا + ب$

اور حل مطلوب ہے $ما = -\frac{لا}{۵} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} + ا لا \int \frac{۱}{لا^۲} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} دلا + ب لا$

۲۰۔ صورت دوم۔ ایک حرف غائب

(ا) اگر مساوات میں لا موجود نہ ہو تو فرض کرو کہ $ما_۱ = ع$

تب $ما_۲ = \frac{دع}{دلا} = ع \frac{دع}{دما}$

اس طرح مساوات $ف(ما، ما_۱، ما_۲) = ۰$ ہو جاتی ہے

$$ف\left(ما، ع، ع\frac{دع}{دما}\right) = ۰$$

اور یہ پہلے رتبہ کی مساوات ہے۔

(ب) اگر ما موجود نہ ہو تو فرض کرو کہ $ما_۱ = ع$

$$\text{تب } \text{ما}_{۲} = \frac{\text{د ع}}{\text{د لا}}$$

$$\text{اور فہ}(\text{لا، ما}_{۱}\text{، ما}_{۲}) = ۰ \text{ ہو جاتی ہے}$$

$$\text{فہ}\left(\text{لا، ع، } \frac{\text{د ع}}{\text{د لا}}\right) = ۰$$

اور یہ پہلے رتبہ کی مساوات ہے۔

مثال ۱۔ مساوات $\text{ما ما}_{۲} + \text{ما}_{۱}^{۲} = ۲ \text{ ما}^{۲}$ کو حل کرو۔

یہاں مساوات میں لا موجود نہیں ہے، پس رکھو $\text{ما}_{۱} = \text{ع}$ اور $\text{ما}_{۲} = \text{ع} \frac{\text{د ع}}{\text{د ما}}$

$$\text{اسطرح} \quad \text{ما ع} \frac{\text{د ع}}{\text{د ما}} + \text{ع}^{۲} = ۲ \text{ ما}^{۲}$$

$$\text{یا} \quad \frac{\text{د ع}^{۲}}{\text{د ما}} + \frac{۲}{\text{ما}} \text{ع}^{۲} = ۴ \text{ ما}$$

$$\text{متکمل جزوِ ضربی ہے} \quad \text{ہ}^{\int \frac{۲}{\text{ما}} \text{د ما}} = \text{ما}^{۲}$$

$$\text{اس لئے} \quad \frac{\text{د}}{\text{د ما}} (\text{ع}^{۲} \text{ ما}^{۲}) = ۴ \text{ ما}^{۳}$$

$$\text{یا} \quad \text{ع}^{۲} \text{ ما}^{۲} = \text{ما}^{۴} + \text{مستقل} = \text{ما}^{۴} + \text{ا}^{۴} \quad (\text{فرض کرو})$$

$$\text{اس لئے} \quad \text{د لا} = \frac{\text{ما د ما}}{\sqrt{\text{ما}^{۴} + \text{ا}^{۴}}}$$

یا $\text{جیبز}^{-۱}\frac{\text{ما}^{۲}}{\text{ر}^{۲}} = ۲\text{لا} + \text{ر}$

یعنی $\text{ما}^{۲} = \text{ر}^{۲}\ \text{جیبز}(۲\text{لا} + \text{ر})$

مثال ۲- حل کرو $۱ + \text{ما}_{۱}^{۲} = \text{لا}\ \text{ما}_{۲}\ \text{ما}_{۱}$ کو

یہاں مساوات میں ما موجود نہیں ہے، پس رکھو $\text{ما}_{۱} = \text{ع}$

اس طرح $۱ + \text{ع}^{۲} = \text{لاع}\frac{\text{دع}}{\text{دلا}}$

یا $\frac{\text{دلا}}{\text{لا}} = \frac{\text{ع دع}}{۱ + \text{ع}^{۲}}$

یعنی $\text{لوک لا} = \text{لوک}\sqrt{۱ + \text{ع}^{۲}} + \text{مستقل}$

$۱ + \text{ع}^{۲} = \frac{\text{لا}^{۲}}{\text{ر}^{۲}}$ (فرض کرو)

یا $\text{ر دما} = \sqrt{\text{لا}^{۲} - \text{ر}^{۲}}\ \text{دلا}$

جس سے حاصل ہوتا ہے $\text{ر ما} = \frac{\text{لا}\sqrt{\text{لا}^{۲} - \text{ر}^{۲}}}{۲} - \frac{\text{ر}^{۲}}{۲}\text{جمز}^{-۱}\frac{\text{لا}}{\text{ر}} + \text{ب}$

جہاں ر اور ب اختیاری مستقل ہیں۔

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو حل کرو۔

۱- $\text{لا}\ \text{ما}_{۲} = ۱$

۲- $۱ + \text{ما}_{۱}^{۲} = \text{ما}\ \text{ما}_{۲}$

۳- $۱ + \text{ما}_{۱}^{۲} = \text{لا}^{۲}\ \text{ما}_{۲}^{۲}$

۴- $۹\ \text{ما}_{۲}^{۲} = ۴\ \text{ما}_{۱}$

۵- $\text{ر}\ \text{ما}_{۲} = (۱ + \text{ما}_{۱}^{۲})^{\frac{۳}{۲}}$

۶- $\text{ما}_{۲} + \text{ما}_{۱}^{۲} + \text{ما} = ۰$

۷ـ $ما\, ما_۲ + ما_۱^۲ + لا = ۰$

۸ـ $ما_۲ + لا\, ما_۱ - ما = \frac{۱}{لا}\, و^{-\frac{لا^۲}{۲}}$

۹ـ $ما\, ما_۲ = ما_۱^۳ - ما_۱$ (آکسفورڈ ۱۸۸۹ء)

۱۰ـ مساوات $(۱ - ما^۲)\frac{د^۲ ما}{د لا^۲} - ما\left(\frac{د ما}{د لا}\right)^۲ = ۲\, ما^۳$ کو حل کرو، معلوم ہے

$\frac{د ما}{د لا} = ۰$ جبکہ $ما = ۰$ [آکسفورڈ ۱۸۹۰ء]

۱۱ـ یہ معلوم ہے کہ $لا^۲$، ما کی ایک قیمت ہے جو مساوات ذیل کو پورا کرتی ہے

$$لا^۲ (لوک\, لا - ۱) \frac{د^۲ ما}{د لا^۲} - لا (۲ لوک\, لا - ۱) \frac{د ما}{د لا} + ۲\, ما\, لوک\, لا = ۰$$

اس کا پورا حل معلوم کرو [آئی، سی، ایس ۱۸۹۴ء]

۱۲ـ عام خطی مساوات۔ کسی ایک رقم کا نکال دینا

اب ہم زیادہ عام مساوات

$$ما_ن + ف_۱\, ما_{ن-۱} + ف_۲\, ما_{ن-۲} + \cdots + ف_ن\, ما = ق$$

پر غور کرتے ہیں جہاں $ف_۱$، $ف_۲$، ..... ق، لا کے معلومہ تفاعل ہیں

رکھو $ما = و\, ی$

تب $ما_۱ = و\, ی_۱ + و_۱\, ی$

$ما_۲ = و\, ی_۲ + ۲\, و_۱\, ی_۱ + و_۲\, ی$ وغیرہ

اسی طرح $و\, ی_ن + ن\, و_۱\, ی_{ن-۱} + \frac{ن(ن-۱)}{۲ \times ۱} و_۲\, ی_{ن-۲} + \cdots + و_ن\, ی$

$+ ف_۱\, و\, ی_{ن-۱} + (ن-۱) ف_۱\, و_۱\, ی_{ن-۲} + \cdots + ف_۱\, و_{ن-۱}\, ی$

$$+ف_۲\,و\,ی_{ن-۲} + \ldots\ldots + ف_۲\,و_{ن-۲}\,ی$$

$$+ف_ن\,و\,ی = ق$$

$ی_{ن-۱}$ کا سر $ن\,و_۱ + ف_۱\,و$ ہے۔

اگر و کو اس طرح منتخب کیا جائے کہ

$$\frac{و_۱}{و} = -\frac{ف_۱\,لا}{ن} \quad یا \quad و = و^{-\int \frac{ف_۱\,لا}{ن}}$$

تو جس رقم میں $ی_{ن-۱}$ واقع ہوتا ہے وہ خارج ہو جاتی ہے

اسی طرح اگر و کو اس طرح منتخب کیا جائے کہ تفرقی مساوات

$$\frac{ن(ن-۱)}{۱\times۲}\,و_۲ + (ن-۱)\,ف_۱\,و_۱ + ف_۲\,و = ۰$$

پوری ہو تو وہ رقم جس میں $ی_{ن-۲}$ واقع ہوتا ہے خارج ہو جاتی ہے۔

ی کا سر ہے

$$و_ن + ف_۱\,و_{ن-۱} + ف_۲\,و_{ن-۲} + \ldots\ldots + ف_ن\,و$$

اگر و کی ایک قیمت معلوم ہو سکے یا ویسے ہی بھانپ لی جا سکے جو اوپر کے جملہ کو صفر بنا دے تو $ی_۱ =$ عا اور اس لئے $ی_۱ = عا$

اور $ی_ن = عا_{ن-۱}$ رکھنے سے مساوات کا درجہ بقدر ایک کے کم ہو سکتا ہے۔ طالب علم دیکھے کہ یہ جملہ شکل میں وہی ہے جو مساوات معلومہ کے دائیں جانب کا رکن ہے۔

اس لئے اگر مساوات کا کوئی حل ما = و کسی طرح سے معلوم ہو سکے جبکہ اس کا بایاں رکن حذف کیا جائے تو ما = و ی رکھنے سے اور پھر $ی_۱ =$ عا فرض کرنے سے ہم مساوات کا ایک رتبہ کم کر سکتے ہیں۔

۲۲ — صورت آئینی

جیسا اوپر بیان ہوا درجۂ دوم کی مساوات

$$\text{ما}_{2} + \text{ف}_{1}\,\text{ما}_{1} + \text{ف}_{2}\,\text{ما} = \text{ق}$$

میں $\text{ما} = \text{و}^{-\frac{1}{2}\int \text{ف}_{1}\,\text{ولا}}\,\text{ی}$ مندرج کرنے سے اصلی مساوات

بعض اوقات سادہ صورت

$$\text{ی}_{2} + \bar{\text{ف}}\,\text{ی} = \bar{\text{ق}}$$

میں تحویل ہو سکتی ہے۔

لیکن اس مساوات کا **عام** حل ابھی تک نہیں حاصل کیا گیا۔

"ٹھیک" یا حاضر تفرقی مساوات

۲۳ — اگر $\text{ن} < \text{ق}$ تو $\text{لا}^{\text{ن}} \dfrac{\text{و}^{\text{ق}}\,\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ق}}}$ کامل تفرقی ہے

اور ما خواہ کچھ ہی ہو یہ تکمل ہو سکتا ہے

کیونکہ اگر $\dfrac{\text{و}^{\text{ق}}\,\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ق}}}$ کو $\text{ما}_{\text{ق}}$ سے تعبیر کیا جائے تو

$$\int \text{لا}^{\text{ن}}\,\text{ما}_{\text{ق}}\,\text{ولا} = \text{لا}^{\text{ن}}\,\text{ما}_{\text{ق}-1} - \text{ن}\int \text{لا}^{\text{ن}-1}\,\text{ما}_{\text{ق}-1}\,\text{ولا}$$

